In the name of Allah the Most Gracious the Ever Merciful

بسم اللہ الرحمن الرحیم

Press Desk
Ahmadiyya Muslim Jamaat
INTERNATIONAL
(INDIA)

شعبہ پریس اینڈ میڈیا بھارت
Office Press & Media
Ahmadiyya Muslim Jama'at India,
Qadian-143516, Distt.Gurdaspur, Punjab, India.
Mobile: +91-99887 57988
Email: pressamjindia@gmail.com
Tel: +91-1872-500282
ahmadiyya_press ahmadiyyapressindia

(A Registered Religious and Charitable Society in India under the Societies Registration Act XXI 1860)

زیرحوالہ/Ref

تاریخ/Date

جماعت احمدیہ اورنگ آباد میں ہوئے تصادم میں ملوث ہونے کے جھوٹے الزامات کی تردید کرتی ہے

اورنگ آباد شہر میں دو مسلم فرقوں کے درمیان حالیہ جھڑپ میں جماعت احمدیہ کے ملوث ہونے کے تعلق سے بعض اخبار اور ذرائع ابلاغ میں گردش ہونے والے جھوٹے الزامات کی جماعت احمدیہ سختی سے تردید کرتی ہے۔ یہ الزامات بے بنیاد اور جماعت احمدیہ کی شبیہ کو خراب کرنے کی بدنیتی پر مبنی کوششیں ہیں۔

امن و مذہبی رواداری کو فروغ دینے اور تشدد کے خلاف آواز اُٹھانے کے حوالہ سے جماعت احمدیہ ایک طویل تاریخ رکھتی ہے۔

جماعت احمدیہ ''محبت سب کے لئے نفرت کسی سے نہیں'' کے اصول پر چلنے والی جماعت ہے۔ یہ جماعت امن وسلامتی کو فروغ دینے اور بین المذاہب ہم آہنگی اور یکجہتی کی علمبردار جماعت ہے۔ یہ جماعت مختلف مذاہب اور عقائد کے درمیان صلح و باہمی عزت کے قیام کے لئے صرف آواز اٹھانے والی ہی نہیں بلکہ اس کے لئے سنجیدہ کوششیں کرنے والی جماعت ہے۔ جماعت احمدیہ بلاتفریق مذہب و ملت مستحقین کی امداد کرنے والی جماعت ہے اور اپنے ہر فورم پر تشدد اور Violence کے خلاف آواز اُٹھانے والی جماعت ہے۔ جماعت احمدیہ کے اراکین ہندوستان کے ہر خطہ میں قانون کی پاسداری کرنے والے لوگوں کے طور پر جانے جاتے ہیں۔

ہم میڈیا کے ساتھ ساتھ عام لوگوں سے بھی درخواست کرتے ہیں کہ احمدیہ مسلم جماعت سے متعلق کسی بھی خبر کو پھیلانے سے پہلے معتبر ذرائع سے معلومات کی تصدیق کریں۔ ایسی پُرامن جماعت کی طرف تشدد کو منسوب کرنا سخت ناانصافی ہے۔